BABUL-ILM ENGLISH
SECONDARY SCHOOL
Plot No. 873, B/3 Saeedabad

Date:

ARFA TARIQ

BATCH=001-NTS25-NOA-ISB1-ONLINE

Islamic Studies TEST-1

سوال نمبر ۱۔

جواب

Good intro .complete it

عقیدہ توحید

عقیدہ توحید اسلام کا بنیادی عقیدہ ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ اس بات پر یقین رکھا جائے کہ کائنات کا خالق و مالک اللہ ہے اور ان کا کوئی شریک نہیں۔ وہ ہمیشہ سے ہیں اور ہمیشہ رہیں گے۔ وہ واحد ہیں اور اکیلے سارے نظام چلا رہے ہیں۔ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں وہی عبادت کے لائق ہیں۔

ارکان اسلام کے پہلے رکن کلمہ کے پہلے جز میں بھی ہے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے

لوگو! ایک مثال بیان کی جا رہی ہے کان لگا کر سنو! اللہ کے سوا جن جن کو تم پکارتے ہو وہ ایک مکھی بھی پیدا نہیں کر سکتے گو کہ سارے کے سارے ہی جمع ہو جائیں بلکہ مکھی اگر ان سے کوئی چیز لے بھاگے تو یہ اس سے بھی نہیں چھین سکتے بڑا ہی کمزور ہے طلب کرنے والا اور بڑا ہی کمزور ہے جس سے طلب کر رہے ہو (الحج: ۷۳)

اللہ تعالیٰ اکیلے ہی قادر مطلق ہے۔ عقیدہ توحید کے اثرات انسان کی نہ صرف انفرادی بلکہ اجتماعی زندگی پر بھی مرتب ہوتے ہیں

Product of BAREENA

CamScanner